# غزالی نیوز

GHAZALI EDUCATION TRUST

جنوری 2002ء | شمارہ 5 | قیمت 5 روپے

**القرآن**

اور جب کوئی احترام کے ساتھ تمہیں سلام کرے تو اس کو اس سے بہتر طریقہ کے ساتھ جواب دو یا کم از کم اسی طرح۔ اللہ ہر چیز کا حساب لینے والا ہے۔ (86۔النساء)

**الحدیث**


سب سے نکما اور عاجز وہ ہے جو اپنے لیے خدا سے دعا نہ مانگے اور سب سے بڑا بخیل وہ ہے جو سلام میں بخل کرے۔ (حضرت ابوہریرہؓ۔طبرانی)

## PREP


پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا انتہائی اہم اور بنیادی شعبہ ہے۔ پاکستان کے دور دراز اور پسماندہ دیہات میں علم و عمل کی شمع روشن کرنے کا یہ انقلابی اور ہمہ جہت پروگرام گذشتہ پانچ سال سے جاری ہے۔ اس مختصر سی مدت میں تشکیل پانے والا تعلیمی کارواں (176) سکولز، (480) اساتذہ اور (10) ہزار سے زائد طلبہ پر مشتمل ہے۔ 23 اضلاع میں پھیلا ہوا یہ عظیم تعلیمی نیٹ ورک اپنے دائرہ کار اور اثر پزیری میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے اور ایک کلاس ایک استاد کی بنیاد پر قائم ہونے والے ان سکولز کو پنجاب کے دیہات میں بے پناہ پزیرائی حاصل ہوئی ہے۔ انشاء اللہ آئندہ چند سالوں میں یہ عظیم تعلیمی کارواں ہزاروں سکولز اور لاکھوں طلبہ پر مشتمل ہوگا۔

رواں تعلیمی سیشن کے آغاز میں PREP کی تنظیم نو کرتے ہوئے دو زونز بنائے گئے۔ صوبہ پنجاب ([illegible]) کے ڈپٹی ڈائریکٹر افتخار احمد شیخ اور صوبہ پنجاب (شمالی) کے ڈپٹی ڈائریکٹر سید عامر علی کاظمی مقرر ہوئے۔


No Of Teachers (2001-2)





SCHOLARSHIP/MOTH (2001-2)




No of schools (2001-2)




No of Students (2001-2)




## چار مزید رفاہی اداروں کا تعارف

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ: یہ ادارہ پنجاب کے دور افتادہ اور پسماندہ دیہات میں 176 سکول چلا رہا ہے۔ جہاں مستحق طلبہ اور طالبات کو مفت تعلیم دی جا رہی ہے۔ ان سکولوں میں پڑھنے والے کل بچے 9142 ہیں۔ ان میں سے 2332 مستحق طلبہ کو ہر قسم کی مالی امداد دی جا رہی ہے۔ اس ادارے میں 278 یتیم بچے بھی زیر تعلیم ہیں۔ اس ادارے کا پتہ: F-66 ماڈل ٹاؤن لاہور 54700۔

ارشاد احمد حقانی

فون اور فیکس نمبر: 92-42-5882939

ای میل ایڈریس: getpak@hotmail.com

☆ معروف دانشور اور صحافی [illegible] احمد حقانی نے کالم ''حرف تمنا'' میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا تعارف پیش کیا۔ شعبہ امداد طلبہ (SAP) کے انچارج طاہر یار بلوچ نے غزالی نیوز کو بتایا کہ حرف تمنا میں تعارف شائع ہونے سے جہاں لاکھوں قارئین، ٹرسٹ کی فروغِ تعلیم کی کوششوں سے آگاہ ہوئے ہیں وہیں اندرون اور بیرون ملک بڑی تعداد میں مخیّر حضرات نے یتیم اور مستحق طلبہ کی تعلیمی کفالت کا ذمہ لیا ہے۔ ٹرسٹ نے دیہی پاکستان میں کم شرح خواندگی کے چیلنج کو قبول کرتے ہوئے ''تعلیم سب کے لئے'' کو نشانِ منزل قرار دیا ہے اور غربت اور معاشی مسائل کے شکار مستحق اور یتیم بچوں کی تعلیمی ضروریات کے لئے مخیّر حضرات سے تعاون کی اپیل کی ہے۔

## ہیڈ آفس آمد

☆ سابق وزیر اعظم پاکستان ملک معراج خالد نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے معزز مہمان کو خوش آمدید کہا۔ پروفیسر اشتیاق احمد گوندل نے ٹرسٹ کے تعلیمی نیٹ ورک کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ہیڈ آفس آمد پر ملک معراج خالد نے مختلف شعبہ جات کے کام کی نوعیت، کارکردگی اور اہداف کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ملک معراج خالد نے ٹرسٹ کی تعلیمی پیش قدمی کو سراہتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

☆ شیخ عبدالوحید (تاج محل بنکویٹ ہال) ہیڈ آفس آئے۔ مختلف شعبہ جات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی میں سیکرٹری جنرل ٹرسٹ کے ساتھ تفصیلی نشست ہوئی۔

## ملاقات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ایک وفد نے ممتاز ماہر قانون ایس ایم ظفر سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں ٹرسٹ کی دیہی پاکستان میں تعلیمی خدمات اور پیش رفت سے آگاہ کیا۔ ایس ایم ظفر نے پاکستان کے پسماندہ اور دور دراز دیہات میں فروغِ تعلیم کی کوشش کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے ٹرسٹ کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ وفد میں سید وقاص انجم جعفری، اسلم جاوید اور فیصل ٹھاکر شامل تھے۔

## غزالی فورم

28 نومبر کو آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی غزالی فورم کی نشست ہوئی۔ پاکستان ٹیلی ویژن کے معروف پروڈیوسر سلیم طاہر نے ''معاشرتی تغیر میں میڈیا کے کردار'' کے موضوع پر خطاب کیا۔ فورم کی صدارت ڈاکٹر شفیق جالندھری، چیئرمین شعبہ ابلاغیات پنجاب یونیورسٹی نے کی۔

سلیم طاہر نے کہا کہ پرنٹ اور خاص طور پر الیکٹرانک میڈیا نے ہمارے معاشرتی اخلاق اور رویوں پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔ معلومات کے تیز ترین تبادلے کے باعث پوری دنیا ایک چھوٹے سے گاؤں میں سمٹ کر رہ گئی ہے۔ دنیا میں کسی دور دراز خطے میں ہونے والے واقعہ کی بازگشت چند لمحوں میں پوری دنیا میں سنی جاتی ہے۔ اور اس طرح رد عمل کا کلچر وجود میں آتا ہے۔ عمومی اخلاقی رویے اور تہذیبی اقدار اس کلچر سے متاثر ہو کر نئی تبدیلیوں کا نقطہ آغاز بن جاتے ہیں۔

ڈاکٹر شفیق جالندھری نے میڈیا کی معاشرتی قوت کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ اس کی بدولت معاشرہ میں منفی رجحانات کو ختم کر کے مثبت تبدیلیاں لائی جا سکتی ہیں۔

### نئی عمارت میں منتقلی

غزالی سکول سسٹم مٹھہ ٹوانہ ضلع خوشاب کا سکول نئی عمارت میں منتقل ہو گیا۔ غزالئین انتہائی منظّم انداز سے مارچ پاسٹ کرتے ہوئے سکول پہنچے۔ قاضی محمد قاسم نے نئی عمارت کا افتتاح کیا۔

## آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی لاہور

### ششماہی رپورٹ جون تا دسمبر 2001

| | |
|---|---|
| منعقدہ ورکشاپس | 29 |
| لیکچرز | 134 |
| مستفید ادارے | 161 |
| شرکاء | 934 |

### اداروں کی فہرست

| | |
|---|---|
| غزالی سکول سسٹم | 122 |
| اسلامی نظامتِ تعلیم | 16 |
| علامہ اقبال فاؤنڈیشن | 14 |
| دارارقم سکولز | 03 |

دی پنجاب سکول لاہور، انوویٹو سکول آف لرننگ لاہور، قرطبہ پبلک سکول لاہور، تنظیم اساتذہ پاکستان، غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ لاہور، ثریا اشفاق ماڈل سکول لاہور۔

### فیضان مکتب

آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی میں پیشہ وارانہ کورسز کے علاوہ کردار سازی پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ اکیڈمی کے ذرائع کے مطابق تربیتی ماحول سے متاثر ہو کر دو اساتذہ نے سگریٹ نوشی مکمل طور پر ترک کرنے کا فیصلہ کیا۔

## تقاریب تقسیم تحائف

☆ شعبہ امداد طلبہ (SAP) کے ذرائع کے مطابق ماہ دسمبر میں 61 یتیم بچوں کو گفٹ پیکٹ دیئے گئے۔ شعبہ کے انچارج طاہر یار بلوچ نے غزالی نیوز کو بتایا کہ اس ضمن میں باقاعدہ تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ بڑے پیمانے پر اہل خیر سے رابطہ کیا اور اس اہم قومی ضرورت کی طرف متوجہ کیا گیا۔ مخیّر حضرات نے اس اقدام کو بروقت قرار دیتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ اب تک 287 ج ب (ٹوبہ ٹیک سنگھ) گنجہ، خواص پور اور شاہ سرمست سکولز (گجرات)، دھریمہ (سرگودھا) میں تقسیم تحائف کی تقاریب منعقد ہوئیں۔

☆ شعبہ امداد کے انچارج طاہر یار بلوچ نے ضلع فیصل آباد جنوبی کی پرنسپلز میٹنگ میں شرکت کی اور مخیّر حضرات سے رابطہ، ریکارڈ کی درستگی اور تکمیل کے متعلق بریفنگ دی۔

## PTC

(Parents Teachers Confrence)

- غزالی سکول سسٹم 289 ج۔ ب ٹوبہ ٹیک سنگھ میں PTC کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں دسمبر ٹسٹ کے نتائج کا اعلان کیا گیا۔ امتحان میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ مہمان خصوصی نمبردار محمد شریف تھے۔
- غزالی سکول سسٹم 183 گ ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں PTC کی تقریب منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی مشتاق مانگٹ تھے۔ منتخب نمائندوں، معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سکول کے تعلیمی معیار پر عمومی اطمینان کا اظہار کیا گیا اور مزید بہتری کے لئے تجاویز پیش کی گئیں۔
- غزالی سکول سسٹم 93 گ ب ضلع فیصل آباد شمالی میں PTC کی تقریب منعقد ہوئی۔ والدین نے سکول کے معیارِ تعلیم، کردار سازی اور نظم و ضبط پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اپنے تعاون کا یقین دلایا۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر امجد وسیم تھے۔
- غزالی سکول سسٹم حاجی پور، ضلع رحیم یار خان میں PTC کی تقریب منعقد ہوئی۔ والدین اور معززین علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی افتخار شیخ، ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ تھے۔

## افطار پروگرام

- ڈائریکٹر LACD مشتاق احمد مانگٹ نے معززین علاقہ اور مخیّر حضرات کے اعزاز میں ہیڈ آفس میں افطار ڈنر دیا۔ اس موقع پر ٹرسٹ کے بارے میں ایک تعارفی سیشن ہوا جس کی صدارت پروفیسر نصیرالدین ہمایوں نے کی اور مہمان خصوصی ملک شاہد اسلم ناظم یونین کونسل 126 لاہور تھے۔ پروفیسر اشتیاق احمد گوندل نے ٹرسٹ کا تفصیلی تعارف پیش کیا اور اہل خیر سے تعاون کی اپیل کی۔
- غزالی سکول سسٹم ڈھاک ضلع خوشاب میں رمضان المبارک کے حوالے سے ایک درس قران کا اہتمام کیا گیا۔ مدرس تنظیر الحسن اعوان تھے۔ پروگرام میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔
- غزالی سکول سسٹم ہردیو شیخوپورہ میں درس قرآن کا اہتمام کیا گیا۔ مدرس قاری بشیر احمد تھے۔ اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے درس قرآن میں شرکت کی۔
- غزالی سکول سسٹم ملتان میں 6 دسمبر 2001 کو معززین علاقہ کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر مشتاق مانگٹ ڈائریکٹر LACD نے ٹرسٹ کا تعارف، کارکردگی اور اہداف کے بارے میں بریفنگ دی۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری نے قومی نوعیت کے اس اہم منصوبہ کی مزید تفصیل بتاتے ہوئے اہل خیر سے تعاون کی اپیل کی۔
- 11 دسمبر کو غزالی سکول سسٹم چیلہ ضلع جھنگ میں افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ مہمان خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر PREP افتخار احمد شیخ تھے۔ پروگرام میں مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے کثیر افراد نے شرکت کی۔
- غزالی سکول سسٹم 31 گ ب میں افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ مہمانِ خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر PREP افتخار احمد شیخ اور ڈسٹرکٹ مینجر سکولز وارث علی وارث تھے۔
- غزالی سکول سسٹم 33 گ ب میں افطار پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ اہل دیہہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی عامر محمود چیمہ ڈائریکٹر غزالی کالج برائے خواتین لاہور تھے۔
- غزالی سکول سسٹم 287 ج۔ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 28 رمضان المبارک کو اہل دیہہ کے اعزاز میں افطار پارٹی کا ہتمام کیا گیا۔ درسِ قرآن عمرِ فاروق نے دیا، مہمان خصوصی ڈی ایم ایس غریب حسین نسیم تھے۔

## عید ملن پارٹی

18 دسمبر کو لاثانی ہوٹل ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ضلع بھر کے معلمین کے اعزاز میں عید ملن پارٹی کا اہتمام کیا گیا۔ مہمان خصوصی ڈائریکٹر LACD مشتاق مانگٹ تھے۔

## دورہ جات

ڈپٹی ڈائریکٹر PREP (شمالی) سید عامر علی کاظمی نے ضلع خوشاب کے سکولز کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے غزالی سکول سسٹم ذاکر آباد، مٹھہ ٹوانہ، چک نمبر 47 ایم بی، 45 ایم بی اور اعظم کالونی کے تدریسی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔

- ڈپٹی ڈائریکٹر PREP سید عامر علی کاظمی نے علامہ اقبال فاؤنڈیشن سیالکوٹ کا تنظیمی دورہ کیا۔ فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر پروفیسر امین جاوید اور ڈی ڈی او رانا خوشی محمد سے فاؤنڈیشن کے تدریسی و انتظامی معاملات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔
- ڈپٹی ڈائریکٹر PREP (جنوبی) افتخار احمد شیخ نے ضلع فیصل آباد (شمالی) کے سکولز کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دوران انہوں نے غزالی سکول سسٹم 93 گ ب، 95 گ ب، 96 گ ب، میں نصابی جائزہ کے ساتھ ریکارڈ کی پڑتال کی۔
- ڈپٹی ڈائریکٹر پریپ (جنوبی) افتخار احمد شیخ نے ضلع رحیم یار خان کے سکولز کا تفصیلی دورہ کیا۔ PTC سے خطاب کے علاوہ تدریسی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔

## تفریحی دورہ جات

- غزالی سکول سسٹم آدھی کوٹ اور رنگپور بگھور (ضلع خوشاب) کے طلبہ ایک تفریحی اور معلوماتی ٹور پر چشمہ بیراج گئے۔ معلمین نے طلبہ کو چشمہ بیراج کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ طلبہ نے چشمہ بیراج کے مختلف حصوں کی سیر کی اور خوبصورت مناظر سے لطف اٹھایا۔
- غزالی سکول سسٹم ضلع فیصل آباد شمالی کے سکولز 93 گ ب، 95 گ ب، 96 گ ب، 195 ر ب، 190 ر ب، گنگا پور اور منڈی بچیانہ کے طلبہ نے لاہور کے تفریحی اور معلوماتی دورہ کیا۔ اس موقع پر طلبہ نے بادشاہی مسجد، شاہی قلعہ، مینار پاکستان، چڑیا گھر، عجائب گھر، گلشن اقبال اور واہگہ بارڈر کی سیر کی۔ غزالیئن بچوں نے مثالی نظم و ضبط کا مظاہرہ کیا اور یادگار تصاویر بھی بنائیں۔

## یوم قائداعظمؒ

غزالی کالج برائے خواتین، لاہور میں 2 جنوری 2002 کو یوم قائداعظمؒ کی تقریب زیر صدارت مسز میمونہ احمد ہوئی۔ مہمانان خصوصی مسز نبیلہ عامر، اور مسز نادیہ اشتیاق تھیں۔ کالج کی طالبات شمائلہ یوسف، کاشفہ حبیب، سائرہ نذیر، نوشابہ نصیر اور ہانیہ اسلم نے قائداعظمؒ کی سیرتؒ کی مختلف خوبیوں اور نمایاں پہلوؤں کے حوالے سے تقاریر کیں۔



شیخ عبدالوحید آفاق ٹریننگ اکیڈمی کے دورہ کے موقع پر





ڈاکٹر شفیق جالندھری غزالی فورم سے خطاب کر رہے ہیں



ملک معراج خالد کا ہیڈ آفس آمد پر استقبال کیا جا رہا ہے




غزالی سکول سسٹم منڈی بچیانہ کے بچے بادشاہی مسجد کی سیر کرتے ہوئے



ہیڈ آفس میں افطار ڈنر کی تقریب سے پروفیسر اشتیاق خطاب کر رہے ہیں



سٹیج پر پروفیسر نصیر الدین ہمایوں، ملک شاہد اسلم اور سید وقاص انجم جعفری بیٹھے ہیں




پیس ہوٹل جھنگ میں ٹرسٹ کی تعارفی تقریب کے شرکاء




غزالی سکول سسٹم نندووال، شاہ سرمست، گنجہ میں تقسیم تحائف کی تقاریب
نوازش علی ایڈووکیٹ اور طاہر یار بلوچ، محمد عارف بچوں میں تحائف تقسیم کر رہے ہیں



کھاریاں ضلع گجرات میں LACD کی تعارفی تقریب کے شرکاء



غزالی سکول سسٹم ظاہر پیر ضلع رحیم یار خان میں کلاس روم کا ایک منظر



غزالی گرلز ہائی سکول 93 گ ب میں امتحانات کا ایک منظر

## LACD کے ذرائع کے مطابق

غزالی سکولز سسٹم کی بنیادی ضروریات کی فراہمی کے لئے رابطہ مہم جاری ہے۔ موثر اور مخیّر حضرات کی طرف سے بھرپور تعاون حاصل ہو رہا ہے۔ شعبہ LACD کے ڈائریکٹر مشتاق مانگٹ نے غزالی نیوز کو بتایا کہ اب تک 9 اضلاع میں رابطہ پروگرام ہوئے ہیں۔ غزالی سکولز کے معیارِ تعلیم، اور اساتذہ کی انفرادی توجہ، تعمیر سیرت اور بہترین نتائج سے متاثر ہو کر بہت سے مقامات پر اہلِ خیر نے رقوم اور زمین بطور عطیہ دینے کا اعلان کیا ہے۔ اب تک ہونے والے رابطہ پروگرام کی تفصیل۔

| تاریخ | مقام و ضلع | مہمان خصوصی | بریفنگ | خطاب | دیگر پروگرام | تعداد شرکاء |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 14 اکتوبر | سرگودھا | | مشتاق مانگٹ | سید وقاص جعفری | | 100 |
| 23 اکتوبر | جھنگ | شیخ اکرم ناظم تحصیل، میاں اظہر (صدر ایوان تجارت) | مشتاق مانگٹ | سید وقاص جعفری | ترانے۔ خاکے۔ تقاریر | 150 |
| 16 نومبر | جڑانوالہ ضلع فیصل آباد | میجر عبدالرحمان ناظم تحصیل | افتخار احمد شیخ | سید وقاص جعفری | ترانے۔ خاکے۔ تقاریر | 40 |
| 20 نومبر | گجرات | سید مشتاق حسین شاہ | مشتاق مانگٹ | سید وقاص جعفری | -- | 70 |
| 21 نومبر | خواص پور گجرات | حافظ محمد ادریس | مشتاق مانگٹ | احسان اللہ شاہ | نئی عمارت کا سنگ بنیاد | 130 |
| 23 نومبر | سندا گجرات | سعید چوہدری ناظم یونین کونسل | مشتاق مانگٹ | احسان اللہ شاہ | اہل دیہہ نئی عمارت بنانے کا فیصلہ | 75 |
| 26 نومبر | ڈیرہ غازی خان | پروفیسر خورشید محمود DEO، حافظ خالد رؤف، نائب ناظم تحصیل | مشتاق مانگٹ | سید وقاص جعفری | -- | 80 |
| 27 نومبر | شادن لنڈ، ڈیرہ غازی خان | سردار جاوید خان لنڈ، ناظم یونین کونسل | مشتاق مانگٹ | سید وقاص جعفری | -- | 40 |
| 27 نومبر | پاکیزہ ہوٹل ڈیرہ غازی خان | ڈاکٹر عبداللطیف چانڈیو، ڈاکٹر عمر فاروق | مشتاق مانگٹ | سید وقاص جعفری | ڈاکٹرز فورم کی تقریب | 35 |
| 29 نومبر | ٹوبہ ٹیک سنگھ | چوہدری اشفاق احمد ناظم ضلع | مشتاق مانگٹ | افتخار احمد شیخ | منتخب نمائندوں کی بڑی تعداد میں شرکت | 80 |
| 01 دسمبر | خان پور، رحیم یار خان | پروفیسر محمد طیب | افتخار احمد شیخ | مشتاق مانگٹ | -- | 25 |
| 03 دسمبر | جن پور، رحیم یار خان | ڈاکٹر مظہر اسماعیل، ملک محمد قاسم ایڈووکیٹ | مشتاق مانگٹ | شفیق احمد | -- | 30 |
| 05 دسمبر | صادق آباد | محمد امین باجوہ، چوہدری اشتیاق احمد | مشتاق مانگٹ | شبیر مجاہد | -- | 20 |

## غزالی سپورٹس میلہ

غزالی سکول سسٹم ضلع فیصل آباد جنوبی کے زیر اہتمام سپورٹس میلہ منعقد کیا گیا۔ جس میں ضلع بھر سے غزالی سکول سسٹم کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ مہمان خصوصی میاں شہباز قیصر تھے۔ جیتنے والی ٹیموں کو کپ اور میڈلز دیئے گئے۔

| کھیل | اول | دوم |
|---|---|---|
| کرکٹ | 31 گ ب | 30 گ ب |
| فٹ بال | 30 گ ب | 31 گ ب |
| کبڈی | 31 گ ب | 173 گ ب |
| غزالی گیم (رومال گیم) | ستیانہ | 31 گ ب |
| غزالی گیم (طالبات) | 232 گ ب | 31 گ ب |
| دوڑ (طالبات) | 173 گ ب | 31 گ ب |
| میوزیکل چیئر (طالبات) | 30 گ ب | |

دوڑ کے مختلف مقابلوں کے نتائج

اول: 168 گ ب، 232 گ ب، 31 گ ب،

دوم: 173 گ ب، 232 گ ب، 33 گ ب

## رابطہ آفس

غزالی نیوز کو ملنے والی اطلاع کے مطابق غزالی سکول سسٹم ضلع رحیم یار خان میں رابطہ آفس قائم کر دیا گیا ہے۔ یہاں پر ٹرسٹ کے مختلف شعبہ جات کے متعلق تفصیلی لٹریچر، غزالی نیوز اور دیگر معلومات کے حصول کے لیے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ غزالی سکول سسٹم عقب صادق بازار رحیم یار خان۔ فون: 0731-63308

## یوم والدین

پاکستان انٹرنیشنل پبلک سکول مری کے دوسرے سالانہ یومِ والدین کی تقریب مری آرٹس کونسل ہال میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی، بہتر پاکستان فاؤنڈیشن کے چیئرمین احسن اقبال تھے۔ جبکہ تقریب کی صدارت ٹرسٹ کے سیکرٹری جنرل سیّد وقاص انجم جعفری نے کی۔

تقریب میں طلبہ و طالبات کے والدین اور معززین مری کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی احسن اقبال نے تعلیم، قرأت، مباحثوں نعت خوانی اور کھیل کے شعبہ جات میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے۔ بہترین قاری عبدالباسط، بہترین نعت خوان، حسام عباسی، بہترین مقرر عاطف نسیم عباسی، بہترین کارکردگی مارشل آرٹس زوھیب خان، بہترین جمناسٹ کا انعام اسلام فاروق نے حاصل کیا۔ سال کا بہترین طالب علم عاطف نسیم عباسی کو قرار دیا گیا۔

## بچوں کا عالمی دن

بچوں کے عالمی دن (20 نومبر) کے موقع پر پاکستان انٹرنیشنل پبلک سکول مری کے طلبہ اور اساتذہ نے افغان بچوں کی امداد کے لیے ایک بھرپور مہم چلائی۔ اس مہم میں سب سے پہلا عطیہ نرسری کلاس کے طالبعلم شیرون جوزف نے 500 روپے جمع کرایا۔ طلبہ نے اپنی جیب خرچ سے گرم کپڑے، کمبل، جوتے، کھانے پینے کی اشیاء، دوائیاں، کھلونے، ٹافیاں اور بسکٹ خرید کر افغان بچوں کے لیے جمع کرائیں۔

## تقرری تبادلہ

غزالی سکول سسٹم 97 گ ب ضلع فیصل آباد میں منیر احمد کا بطور پرنسپل تقرر کیا گیا۔ 96 گ ب سے مقصود خان اور عرفان جاوید کا 93 گ ب میں تبادلہ کیا گیا۔

## وفات

غزالی سکول سسٹم 147 ایم بی ضلع خوشاب کے پرنسپل عید محمد ناظم کی والدہ محترمہ کا انتقال ہو گیا۔ غزالی سکول سسٹم ذاکر آباد کے پرنسپل اور زونل انچارج سکندر عباس کا بیٹا قضائے الٰہی سے فوت ہو گیا۔ ادارہ ان احباب کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

زیر اہتمام
انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ
66۔ ایف ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ فون: 042-5882939
ای میل: getpak@hotmail.com